بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
اتوار ۷ستمبر ۲۰۲۵ء بمطابق ۱۳ربیع الاول ۱۴۴۷ھ

## (اقوال ذریں)

اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کرو اس سے تمہارے افعال اچھے ہو جائیں گے (ابن جوزیؒ)

## ایک اہم معاشرتی مسئلہ

آج کل ہر طرف ماحولیاتی آلودگی اور اس کے اثرات کا شور ہے کہ فضائی آلودگی، پانی کی آلودگی، زمینی آلودگی، شور کی آلودگی، اور یہ کیسے کنٹرول ہوسکتی ہے وغیرہ۔ لیکن آلودگی کی ایک قسم ایسی بھی ہے جس کا شور تو شاید سب سے زیادہ ہے لیکن ہم اس سے بالکل انجان بنے بیٹھے ہیں، حالانکہ اس کے مکمل ذمے دار ہم ہی ہیں، اور وہ ہے احساس کی آلودگی۔

اس آلودگی کا چرچا ہر روز پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پر ہوتا ہے، لیکن ہم چونکہ اپنا بینک بیلنس بھرنے میں اس حد تک مصروف ہو چکے ہیں کہ ہم ان چیزوں کو اتنی اہمیت نہیں دیتے جو کہ ہماری بنیاد ہیں۔

مادہ پرستی کے اس دور میں ہم ہر چیز کو پیسے سے تولتے ہیں، بے شک روپیہ پیسہ بہت کچھ ہے، لیکن سب کچھ نہیں۔ اس بہت کچھ کو حاصل کرنے کے چکر میں ہم سب کچھ بھلا بیٹھے ہیں۔ وہ سب کچھ کیا ہے، وہ ہمارے رشتے ہیں، کچھ خون کے، کچھ برادری کے، کچھ محلے داری کے، کچھ نسبت کے، لیکن ہم ہر چیز سے نابلد ہیں۔

بیٹے نے والدہ پر ہاتھ اٹھا دیا، کبھی بیوی کی وجہ سے، کبھی کھانا لیٹ دینے پر۔ بھائی بھائی کے خون کا پیاسا ہے، کوئی جائیداد میں اپنی بہن کا حصہ دبائے بیٹھا ہے۔ یہ سب کیا ہے؟ اس سب سے ہم کیسے باہر نکلیں گے؟ آخر کب تک یہ سب ایسے ہی چلتا رہے گا؟

بڑا آسان سا سوال ہے اور اس کا جواب بھی ویسے تو بہت آسان ہے، لیکن ہم اس کا جواب تلاش کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔ ہم کہتے ہیں، جو جیسے ہے ویسا ہی چلتا رہے، بلکہ جو جیسے ہے وہ ویسے نہ چلے بلکہ ہماری مرضی سے چلے۔ ہم تو ایسے مذہب کے ماننے والے ہیں جس میں کسی کو اچھی راہ دکھانا بھی صدقہ ہے، راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دینا بھی صدقہ ہے۔ وہاں رشتوں کے تقدس کو کتنی اہمیت دی گئی ہے، ہمیں اس کا اندازہ نہیں ہے۔

قرآن کہتا ہے 'والدین کو اف تک نہ کہو'۔ لیکن ہم اپنی انا میں اپنے حقوق کی جنگ لڑنے روز سڑکوں پر نکلتے ہیں، فرائض کی بات کون کرے۔ حضورؐ کی حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ جو اپنے لئے پسند کرو، اپنے بھائی کیلئے بھی وہی پسند کرو۔ لیکن ایسا کون کرے، سب کو اپنی تجوری پسند ہے۔

شوہر کی تعظیم کیلئے یہاں تک بات کی گئی کہ اگر اللہ کے بعد کسی کو سجدہ کا حکم ہوتا تو بیوی کو حکم دیا جاتا وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔ شوہر کو تلقین کی گئی کو وہ روپیہ پیسہ جو وہ اپنی بیوی پر لگائے گا وہ بھی صدقہ میں شمار ہوگا۔ آج کل شاید ہی کسی کی ایسی سوچ ہو۔ ہمسائیوں کی بات کریں تو اسلام نے اتنی تاکید کی (حدیث کے مفہوم کی روشنی میں) اگر کوئی سالن پکاؤ تو شوربہ زیادہ کرلو اور ہمسائے کے گھر بھی سالن بھیجو۔ آج کون ایسا کرتا ہے؟ کوئی بھی نہیں۔

تو پھر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہم احساس کی آلودگی سے آلودہ معاشرے میں رہ رہے ہیں۔ یہ آلودگی ہماری اسی فرسودہ سوچ، لالچی طبیعت کا نتیجہ ہے۔ ہم اگر ان نصیحتوں پر عمل پیرا ہو جائیں جن میں ہمارے فرائض کی بات کی گئی ہے تو یقین مانیے ہم سب کے حقوق بالکل سیدھے ہو جائیں گے۔

# ٹین ایج

## تربیت کے اعتبار سے اہم ترین دور

مدثر اعجاز

اگر آپ کا بچہ تیرہ سے اُنیس سال کے درمیان ہے، تو وہ اپنی عُمر کے حسین، مگر اہم ترین دَور سے گزر رہا ہے۔ اس عُمر میں زیادہ تر بچّے تنہا رہنا پسند کرتے ہیں۔ خود پسندی، غصّہ اور ہر معاملے میں بحث کرنا ان کا وتیرہ بن جاتا ہے۔ نیز، خاندانی رسم و رواج کا مذاق اُڑانے کے ساتھ اپنے ہی کچھ اصول بھی وضع کر لیتے ہیں۔ چوں کہ اس دوران جسمانی تبدیلیوں کے ساتھ، اُن کے عمومی رویّوں اور روزمرّہ معمولات میں بھی کئی تبدیلیاں رونما ہونے لگتی ہیں، تو والدین کو محسوس ہوتا ہے کہ شاید ان کے اور اولاد کے درمیان ایک خلیج بننا شروع ہوگئی ہے۔ ایسے میں پریشان ہونے یا گھبرانے کی بجائے بچّوں کی عادات، رویّوں اور دماغی ساخت کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

عُمر تین بنیادی ادوار بچپن، جوانی اور بڑھاپے پر مشتمل ہوتی ہے۔ ڈیڑھ دو صدی قبل کے بچّے، بچپن کے بعد سیدھا جوانی میں قدم رکھتے تھے۔ سنِ بلوغت تک پہنچتے ہی اُن کا بچپن ختم ہوجاتا تھا اور اُن پر بالغان کی تمام ذمّے داریاں عاید کردی جاتی تھیں، لیکن گزشتہ صدی سے عُمر کے ان ادوار میں ایک نئی اصطلاح ٹین ایج کا اضافہ ہوگیا ہے۔ ٹین ایجنگ کی اصطلاح سب سے پہلے انیسویں صدی میں یورپ میں صنعتی انقلاب کے دوران استعمال کی گئی، تب صنعتوں اور کارخانوں میں کام کے لیے افرادی قوت کی بہت مانگ تھی اور لوگ اپنے نوعُمر بچّوں کو اسکولز، کالجز کی بجائے فیکٹریوں میں کام کی غرض سے بھیجنے میں فخر محسوس کرتے تھے۔ مگر جب اسکولز میں حاضری کم اور مزدوروں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا، تو معاشرتی سدھار کے لیے اسکول و کالج کے معیار کو مزید بہتر کرنے کے ساتھ والدین کو بھی پابند کیا گیا کہ وہ اپنے نوعُمر بچّوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کروائیں اور اُن کی تربیت پر بھی خاص توجہ دیں۔ ڈاکٹر فرانس جنسن کے مطابق، ٹین ایجر کا جسم بظاہر ایک نوجوان انسان کی طرح مکمل نظر آتا ہے، مگر اس کا دماغ تکمیل کے مراحل سے گزر رہا ہوتا ہے۔ چوں کہ دماغ کا وہ حصّہ جہاں جذبات اور احساسات جنم لیتے ہیں، نوعُمری میں مکمل ہوجاتا ہے، لیکن جذبات پر قابو پانے والا نظام بیس سے پچیس سال کی عُمر میں مکمل ہوتا ہے، تو یہی وجہ ہے کہ عُمر کے اس حصّے میں اپنی عادات، جذبات اور احساسات پر قابو رکھنا مشکل ہوجاتا ہے۔ لہٰذا والدین کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے بچّوں کی عادات اور مسائل نہ صرف سمجھنے کی کوشش کریں، بلکہ ان کے حل میں اُن کی ہر ممکن مدد بھی کریں۔ یہ عمومی مسائل ہر معاشرے میں کسی حد تک مختلف تو ہوسکتے ہیں، لیکن بہرحال موجود ضرور ہیں۔ مثلاً:

موبائل، انٹرنیٹ کا استعمال: ایک تحقیق کے مطابق آج دُنیا بھر میں صرف آٹھ فی صد ٹین ایجرز کو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل نہیں اور ان میں بھی زیادہ تر ایشیائی اور افریقی ہیں۔ موبائل اور انٹرنیٹ کا استعمال کوئی غلط بات نہیں، لیکن زیادہ اور بے جا استعمال خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ ویسے تو موبائل سِم کارڈ اٹھارہ سال کی عُمر کے بعد جاری کیا جاتا ہے لیکن مشاہدے میں ہے کہ اکثر کم عُمر بچّے اہلِ خانہ میں سے کسی بھی فرد کے شناختی کارڈ پر سِم خرید لیتے ہیں، لہٰذا اہلِ خانہ خصوصاً والدین ایسا کرنے سے پہلے سوچ لیں کہ کیا یہ انتہائی ضروری ہے یا ضرورت پڑنے پر کسی بڑے کا موبائل استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جب کہ جس کمرے میں بچّے انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں، کوشش کریں کہ اُس کا دروازہ کُھلا رہے۔ کئی گھروں میں رات کو مخصوص وقت میں انٹرنیٹ بند کر دیا جاتا ہے، لہٰذا سب کی مشاورت سے ایسا کوئی ٹائم ٹیبل بھی ترتیب دیا جاسکتا ہے۔ اور سب سے اہم یہ کہ گھر کے بڑے خود بھی انٹرنیٹ اور موبائل فون ضرورت کی حد تک استعمال کریں، تاکہ بچّے بھی اُن سے اثر لیں۔

شدید غصّہ، خطروں سے کھیلنا: اس عُمر کے بچّوں کے لیے خود کو مشکل میں ڈالنا اور خطروں کا سامنا کرنا دِل چسپی کا باعث ہوتا ہے۔ یالے اسکول آف میڈیسن، امریکا کی ایک تحقیق کے مطابق ٹین ایجر خطروں میں اس لیے کودتے ہیں، تاکہ وہ کوئی بڑا معرکہ اپنے نام کرکے دوسروں کو متاثر کر سکیں۔ حالاں کہ وہ جانتے ہیں کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا، مگر پھر بھی بیدھڑک کسی بھی خطرے میں کود پڑتے ہیں۔ ماہرِ تعلیم، جینیفر ملر کے مطابق خطرات کا مقابلہ کرنا ہمیشہ نقصان دہ نہیں ہوتا ہے، بس درست سمت کا تعین ضروری ہے، لہٰذا والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچّوں میں چاہے لڑکا ہو یا لڑکی مختلف کھیلوں کا رجحان پیدا کریں۔ اور کچھ نہیں، تو کم از کم بچّے کُھلے میدان یا پارک میں جا کر کچھ دیر جاگنگ ہی کرلیں۔ اس سے نہ صرف جسمانی اور دماغی صحت پر مثبت اثرات مرتّب ہوں گے، بلکہ ان کا جوش اور غصّہ بھی کم ہوگا۔ علاوہ ازیں، لڑکیوں کو کھانا پکانا یا دست کاری وغیرہ بھی سکھائی جاسکتی ہے۔

خود پرستی، عزتِ نفس: گرچہ یہ صفات ایک دوسرے کے برعکس ہیں، مگر ٹین ایجرز میں دونوں ہی پائی جاتی ہیں۔ ماہرینِ نفسیات کے مطابق تیرہ سال کی عُمر سے بچّوں میں اپنی ذات سے محبّت کے احساس میں شدّت آجاتی ہے اور یہ وہ دَور ہوتا ہے، جب وہ کھلونوں کی دُنیا سے نکل کر خود کو دیگر افراد کے درمیان محسوس کرنا شروع کرتے ہیں۔ وہ نہ صرف سب سے بہتر اور نمایاں نظر آنا چاہتے ہیں، بلکہ خود کو ہرفن مولا تصوّر کرتے ہیں۔ اپنے خیالات کو اوّل و آخر مانتے ہیں۔ ماں، باپ، بڑے، بہن بھائی حتیٰ کہ ہر شخص غلط ہوسکتا ہے، مگر وہ اپنی غلطی تسلیم نہیں کرتے۔ اس مسئلے کا ایک ہی حل ہے کہ اہلِ خانہ خصوصاً والدین اور بچّوں کے درمیان دوستانہ رویّہ استوار ہو۔ اگر وہ کوئی اچھا کام کریں، تو ان کی حوصلہ افزائی اور تعریف کی جائے اور غلطی یا کوتاہی کی بھی مناسب الفاظ میں سرزنش کریں۔ یاد رکھیں، اگر گھر میں بچّوں کو پیار، محبّت اور عزّت دی جائے، تو وہ باہر زیادہ اعتماد سے وقت گزارتے ہیں۔

گھر سے باہر زیادہ وقت گزارنا: نوعُمری میں بچّے زیادہ وقت گھر سے باہر گزارنا پسند کرتے ہیں۔ دیکھا گیا ہے کہ بعض والدین اس معاملے میں اس قدر سختی برتتے ہیں کہ بچّہ ان سے باغی ہوجاتا ہے یا پھر اتنی ڈھیل دے دیتے ہیں کہ وہ بے راہ روی کا شکار ہوجاتا ہے، لہٰذا میانہ روی سے کام لیں۔ آپ کو اپنے بچّوں کے دوستوں کے بارے میں معلوم ہونا چاہیے کہ اُن کی عادات کیسی ہیں، خاندانی پس منظر کیا ہے؟ کسی محفل یا بازار میں دوستوں کے والدین سے ملاقات ہو، تو گرم جوشی سے ملیں۔ زیادہ تر والدین کے پاس اپنے بچّوں کے دوستوں کے فون نمبرز ہوتے ہیں اور یہ انتہائی مناسب بات ہے کہ اس طرح کسی بھی مشکل میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ اس ضمن میں سب سے اہم بات یہ کہ آپ کے نوعُمر بچّے کا کوئی ہم عُمر ہی اُس کا دوست ہو، نہ کہ اُس سے عُمر میں بہت بڑا یا چھوٹا۔

جھوٹ بولنا: مہم جوئی ایک ایسی عادت ہے، جو نوعُمر بچّوں کو مختلف کاموں پر اُکساتی ہے، چاہے والدین کی طرف سے سخت ممانعت ہی کیوں نہ ہو۔ ایک سروے میں جب ٹین ایجرز سے پوچھا گیا کہ وہ ایسے کام کیوں کرتے ہیں، جن سے اُنھیں منع کیا جاتا ہے اور پھر بعد میں جھوٹ بولنا پڑتا ہے؟ تو نوّے فی صد کا جواب تھا کہ دیکھنا چاہتے تھے کہ اُنھیں منع کیوں کیا گیا۔ بہتر ہوگا کہ جس کام سے بھی منع کریں، تو مناسب الفاظ میں اس کی وجہ بھی بتائیں۔ اگر آپ کی خواہش ہے کہ آپ کے بچّے جھوٹ نہ بولیں، تو سب سے پہلے خود سچائی اور دیانت داری کا ماڈل بنیں۔ اُنھیں یہ باور کروائیں کہ جھوٹ بولنے سے بہتر ہے کہ غلطی کا ازالہ ہوجائے اور اس کے لیے ضروری ہے کہ والدین کو اعتماد میں لیا جائے۔ جاسوسی کرنے سے کہیں بہتر ہے کہ اُن سے بات کی جائے اور جس بات کو بچّہ چُھپانا چاہتا ہے، اُس پر زیادہ توجّہ دی جائے۔

صد شُکر کہ تاحال ہمارے معاشرے میں خاندانی اقدار و روایات دیگر مُما لک کی نسبت بہت حد تک محفوظ ہیں، لہٰذا ان کی خود بھی پاس داری کریں اور بچّوں کو بھی تلقین کریں۔ ملازمین کی موجودگی کے باوجود اپنے نوعُمر بچّوں کو گھر کے کاموں کی ذمّے داری کا احساس ضرور دلائیں۔ اُنھیں مذہب کی طرف راغب کرنے کے لیے اپنی زندگی کو دین کے مطابق گزارنے کا عملی ثبوت دیں۔ چوں کہ نوعُمر بچّے تازہ تازہ بچپن سے آزاد ہوتے ہیں، تو اُن کی معصوم آنکھوں میں بہت سے خواب سجے ہوتے ہیں۔ اگرچہ ان کے سب خوابوں کی تکمیل ممکن نہیں، مگر آپ کا کردار کہیں بھی خواب شکن کا نہیں، تعبیر دینے والے کا ہونا چاہیے۔ یاد رکھیں، والدین کو بچّوں کی تربیت کے دوران ماں باپ کے علاوہ اور بھی بہت سے کردار نبھانے پڑتے ہیں۔ آپ اپنے بچّوں کے دوست بھی ہیں، بزرگ، غم خوار اور ناصح بھی۔ ہاں، کون سا کردار کب ادا کرنا ہے، یہ فیصلہ آپ ہی کو کرنا ہوتا ہے۔

# ایک خوبصورت تحفہ



نقی احمد ندوی
ریاض، سعودی عرب

قرآن پاک میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے، ان الانسان خلق ھلوعا، کہ بلاشبہ یہ انسان بڑا بے صبرا اور حریص پیدا کیا گیا ہے۔ چنانچہ ایک انسان ہر چیز حاصل کرنا چاہتا ہے اور وہ بھی فورا، یہی وہ عادت ہے جو کبھی کبھی انسان کو اس کے رشتوں کو برباد اور تعلقات کو خراب کر دیتی ہے بلکہ کبھی کبھی وہ انسانی اقدار کو بھی پامال کرنے پر مجبور کر دیتی ہے۔

ایک دولت مند باپ کا بیٹا ناز و نیاز سے پلا ہوا اپنے گریجویشن کی پڑھائی مکمل کرنے والا تھا، اس نے گاڑی کے شوروم میں ایک خوبصورت سی اسپورٹ کار دیکھی تھی جو اسے بہت پسند آئی تھی، چونکہ وہ ایک امیر باپ کا بیٹا تھا، اس لئے اسے پتہ تھا کہ اس کے والد اس مہنگی خوبصورت کار کو خریدنے کی خوب حیثیت رکھتے ہیں۔ اس نے اپنے والد سے یہ وعدہ لے لیا کہ جس دن رزلٹ آئیگا اس دن وہ کار خرید کر اسے گفٹ کریں گے۔ جب رزلٹ آیا تو وہ اپنی پسند کی اسپورٹ کار لینے کے لئے اپنے والد کے پاس پہونچا۔ اس کے والد نے انتہائی مسرت اور فخر کے ساتھ اپنے بیٹے کا استقبال کیا، شاباشی دی اور اپنی محبت کا اظہار کیا کہ وہ اسے کتنا چاہتے ہیں اور انھیں اپنے بیٹے پر کتنا فخر ہے، بیٹا بے صبری سے انتظار کر رہا تھا کہ اب اس کے والد اس خوبصورت اسپورٹ کار کی چابی دیں گے، مگر وہ دنگ رہ گیا جب اس کے والد نے گفٹ کا ایک خوبصورت باکس پیش کیا۔ اس نے کھولا تو دیکھا کہ اس میں تو قرآن پاک کا ایک نسخہ ہے۔ دیکھتے ہی اس نے تیز آواز میں چلاتے ہوئے کہا: اسپورٹ کار کی خواہش پوری نہیں کی بہت افسوس ہے۔ اس نے قرآن پاک کو ٹیبل پر رکھا اور روم سے نکل گیا۔

اس کے بعد اس نے اپنے والد کو نہ کبھی فون کیا اور نہ کبھی خبر خیریت لینے کی کوشش کی۔ ایک طویل عرصہ گذر گیا، اس دوران وہ ایک کامیاب بزنس مین بن چکا تھا، دولت، عزت اور شہرت سب کچھ اسکو ہاتھ لگ چکا تھا، اسکی اپنی چھوٹی سی فیملی تھی اور اپنی زندگی سے بہت خوش تھا، ایک روز اسے خیال آیا کہ گریجویشن کے بعد سے اب تک اس نے اپنے والد سے نہ تو کبھی ملاقات کی اور نہ ہی بات۔ کیوں نہ ان کا حال چال معلوم کرلیا جائے، اب تو وہ بوڑھے بھی ہو چکے ہونگے۔ پھر سوچا کہ کیوں نہ خود ان کے پاس جاکر ان سے ملاقات کروں۔

چنانچہ وہ اپنے والد کے پاس جانے کی تیاری کرنے لگا کہ اسی دوران اسے ایک ٹیلی گرام ملا جس میں اسکے والد کے موت کی خبر تھی اور یہ بھی لکھا تھا اس کے والد نے اپنی ساری دولت اس کے نام کردی ہے۔ یہ خبر بجلی بن کر اس پر گری، کسی طرح خود کو سنبھالا اور اپنے والد کے شہر پہونچا، والد تو پہلے ہی فوت ہو چکے تھے، ان کی قبر پر گیا، پھر سیدھا اسی گھر میں داخل ہوا جس کو کبھی اس نے غصہ میں آکر چھوڑ دیا تھا اور پھر کبھی واپس نہیں آیا تھا۔ جیسے ہی وہ اس روم میں داخل ہوا تو اس نے دیکھا کہ وہی خوبصورت سا گفٹ قرآن پاک کا ایک نسخہ جو اس کے والد نے اسکو دیا تھا اسی طرح اور اسی حالت میں ٹیبل پر پڑا ہوا ہے، اس نے اپنی اشک بار آنکھوں سے اسے اٹھایا، اس وقت اس کے ذہن میں پورا منظر گھوم گیا جب اس نے اپنے والد کے ساتھ تلخ گفتگو کی تھی اور ناراض ہوکر گھر سے نکل گیا تھا۔ اس نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے قرآن پاک کو جیسے ہی اٹھایا تو ایک چابی گر گئی۔ یہ اسی اسپورٹ کار کی چابی تھی جس کا وعدہ اس کے والد نے کیا تھا اور جسکی وجہ سے اس نے گھر بار چھوڑ دیا تھا۔ قرآن کو جیسے ہی پلٹا اس کے پیچھے ایک چھوٹا سے کاغذ لگا تھا، جس پر لکھا تھا: Paid in Full گاڑی کی پوری قیمت ادا کی جا چکی ہے۔

اس کے ہوش اڑ گئے، دراصل قرآن پاک کے اسی نسخہ کے ساتھ اسی اسپورٹ کار کی چابی بھی تھی اور گاڑی کی قیمت ادا کی جا چکی تھی، مگر اس نے جلد بازی کرتے ہوئے یہ سمجھا کہ صرف قرآن کا ایک نسخہ ہے جس کو اس کے والد نے ہدیہ کیا ہے۔

کامیابی یہ نہیں ہے کہ آپ دولت وثروت کمالیں، اونچے عہدوں پر فائز ہو جائیں، اور شہرت وعزت کی بلندی تک پہونچ جایں، کامیابی یہ ہے کہ دولت، عزت اور شہرت سب کا استعمال اللہ کے اصولوں اور قوانین کے مطابق کریں۔ انسان بڑا بے صبرا واقع ہوا ہے، وہ ہر چیز کو فورا حاصل کرنا چاہتا ہے، اس لئے کبھی بھی ہمیں جلد فیصلے یا کسی چیز کے حصول میں جلد بازی نہیں کرنی چاہیے اور جو نعمتیں اللہ تعالی نے ہم کو دی ہیں ان نعمتوں کا استعمال اللہ کی مرضی کے مطابق کرنا چاہیے، اور شاید یہی پیغام اس کے والد نے اپنے بیٹے کو دینے کی کوشش کی تھی جب اسپورٹ کار کی چابی کے ساتھ قرآن پاک کا ایک نسخہ بھی دیا تھا کہ اب گریجویشن کے بعد جو نئی زندگی آنے والی ہے، اس کو اللہ کی مرضی کے ساتھ گذارنے کی کوشش کریں۔

